© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقش آغاز　　　　　　　　　　　　راشد الحق سمیع حقانی

# ''الحق'' کی اشاعت کے چالیس سال کی تکمیل اور نئی جلد کا آغاز

الحمدللہ آج سے ۴۰ برس پہلے ماہنامہ ''الحق'' نے ایک بے آب و گیاہ سرزمین (اکوڑہ خٹک) سے بے سروسامانی کے عالم میں توکل اعلی اللہ جس سفر کا آغاز کیا تھا آج اس کے پورے ۴۰ برس مکمل ہوگئے ہیں۔ یہ تقریباً نصف صدی کا قصہ ہونے والا ہے۔ اس طویل ومدید عرصہ میں ہر قسم کے نامساعد حالات بھی پیش آئے اور طوفان حوادث کا بھی اسے سامنا کرنا پڑا۔ مگر خدائے قدوس کے فضل وکرم سے یہ شمع حق فروزاں سے فروزاں تر ہوتی گئی۔ اور حق کی روشنی بحر ظلمات کی تاریکیوں کو چیرتی گئی۔ اور کاروان لوح وقلم منزل بہ منزل اپنے اہداف ومقاصد کے مدارج طے کرتا ہوا آج کامیابیوں کے اوج میں داخل ہوگیا ہے۔ اور ہماری یہ حتی المقدور کوشش ہے کہ یہ سلسلہ دعوتِ حق خوب سے خوب تر ہو اور غلبہ اسلام، شریعت مطہرہ کی ترویج، پاکیزہ افکار کی نشوونما، صاف ستھری صحافت کا فروغ، ذہنی وفکری آبیاری اور مظلوموں کی حمایت حسب سابق بتوفیق ایزدی کرتے رہیں۔ اور یہ نحیف آواز آج الحمدللہ تحدیث نعمت کے طور پر اذان حق اور ایک تحریک ومکتب فکر کا روپ دھار چکی ہے۔ ہم اس سفر میں اس کے قارئین اور مقالہ نگار حضرات کے خصوصی طور پر ممنون ومشکور ہیں۔ جن کی توجہات ونگارشات اور تعاون سے یہ طویل سفر طے ہوا اور مستقبل میں بھی ان کی توجہات کے مزید مستحق اور منتظر رہیں گے۔ اس موقع پر قارئین کو یہ خوش خبری دی جاتی ہے کہ ''الحق'' کا چالیس سالہ ضخیم اشاریہ (انڈکس) جو جدید اصول تحقیق کے مطابق تیار ہوچکا ہے۔ اور اب انشاء اللہ اس کی اشاعت کا پروگرام بھی بن رہا ہے۔ جو ادبی حلقوں کے لئے خاصے کی چیز ہوگی۔ اس کے علاوہ ادارہ کی کوشش ہوگی کہ ''الحق'' کا سفر علم آگہی جو ۴۰ رسال پر محیط ہے۔ اس مناسبت سے مختلف مضامین اور انتخاب کا سلسلہ بھی پیش کیا جائے۔ اس حوالہ سے ادارہ آپ کی تجاویز، آراء اور مضامین کا منتظر رہے گا۔

لکھتے رہے جنوں کی حکایات خونچکاں
ہر چند اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے　　(غالب)

اور
ہم پرورش لوح و قلم کرتے رہیں گے
جو دل پہ گزرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

© rasailojaraid.com